# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: مطالعہ فقہ الاسلامی (۴۶۳۲)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ نکاح ایک ایسا معاہدہ ہے جو معاشرتی نظم وضبط کو قائم رکھتا ہے۔ نکاح کے بنیادی تقاضوں کی وضاحت کریں اور یہ بیان کریں کہ یہ کس طرح معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نکاح میں سرپرست اور نمائندے کا کردار انصاف اور شفافیت کو یقینی بناتا ہے۔ ولایت اور وکالت کے دائرہ کار اور حدود پر روشنی ڈالیں اور ان کی موجودہ دور میں اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مہر ازدواجی تعلق میں احترام اور ذمہ داری کی علامت ہے۔ مہر کی مختلف صورتوں کا جائزہ لیتے ہوئے اس کے معاشی تحفظ کے پہلوؤں کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ متعدد ازدواجی تعلقات میں مساوات اور انصاف بنیادی اصول ہیں۔ بیویوں کے درمیان حقوق کی منصفانہ تقسیم کے اصولوں کا جائزہ لیں اور ان کی عملی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مختلف مذہبی نظاموں کے نکاح کے قوانین باہمی تعامل میں پیچیدگیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ غیر مسلم نکاح کے مسائل اور ان کے سماجی اثرات پر بحث کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر1۔ ازدواجی تعلق کے خاتمے کے لیے منظم اصول وضع کیے گئے ہیں تاکہ ناانصافی سے بچا جاسکے۔ طلاق کے مختلف طریقوں کی وضاحت کریں اور ان کے نتائج کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ طلاق کے بعد ازدواجی تعلق کی بحالی ایک اہم پہلو ہے جو خاندانی نظام کو مستحکم کر سکتا ہے۔ رجوع کے تصور اور اس کے طریقہ کار کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ازدواجی اختلافات بعض اوقات مخصوص قانونی صورتوں کا باعث بنتے ہیں جن کے لیے خاص احکام موجود ہیں۔ ایلاء، ظہار، خلع اور لعان کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے ان کے مقاصد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ خاندانی قانون میں نکاح کے ساتھ ساتھ یمین اور وراثت کے اصول بھی اہم ہیں۔ ان عناصر کے باہمی تعلق کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی افادیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ نسب اور نفقہ معاشرتی توازن کو برقرار رکھنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ نسب کے اصولوں اور مالی ذمہ داریوں کی وضاحت کرتے ہوئے ان کی اہمیت بیان کریں۔ (20)